
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

دعا ایک عبادت




میں اپنے رب ہی سے مانگتا ہوں، اس کے سوا کسی سے نہیں مانگتا۔

عبداللہ بن عباس رض ابھی کم عمر لڑکے ہی تھے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے انہیں یہ سکھایا کہ اللہ کے سوا کسی سے کچھ نہ مانگنا اور ان سے کہا: مانگو تو اللہ سے مانگو۔

احمد: 2763



میں اپنے نبی ﷺ کی نصیحت پر عمل کرتا ہوں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں مانگتا ہوں ۔



اللہ فرماتا ہے:

تمہارا ربّ کہتا ہے ”مجھے پُکارو، میں تمہاری دُعائیں قبول کروں گا۔

سورۃ غافر:60

میں اللہ سے دعا مانگتا ہوں کہ:



مجھے ھدایت عطا فرما، مجھے معاف فرما ، مجھ پر رحم فرما ، مجھے رزق عطا فرما۔

دنیا آخرت میں میری مدد فرما۔



میرے والدین کو معاف فرما، ان پر رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا۔

مسلمان مردوں اور عورتوں کو معاف فرما جو ان میں زندہ ہے اور جو فوت ہوئے۔

میرے ملک کی حفاظت فرما اور تمام مسلم ممالک کی حفاظت فرما ۔



ہمارے حکمرانوں کو نیکی پر قائم رکھ۔

دعا کے فوائد

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : دعا عبادت ہے۔

ترمزی : 3372



دعا عبادت ہے اور اللہ کی اطاعت ہے۔

دعا عبادتوں میں عظیم عبادت ہے۔



دعا تکلیف دور کرنے کا ذریعہ ہے ۔

دعا اللہ کے فیصلے کو ٹال دیتی ہے ۔

دعا اللہ کے غضب کو دور کرتی ہے ۔

دعا نعمتوں کا احساس دلاتی ہے ۔



وہ چیزیں جو میں حاصل کرنا چاہتا ہوں اور اسکی دعا

☆ جنت: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ

☆ والدین کے لیے مغفرت: ربِّ اغفر لي ولوَالدَيّ

☆ بیماری سے شفاء: رب اشفيني وعافيني

☆ رزق میں وسعت: اللهم ارزقني

☆ وطن کی امن و سلامتی: اللهم احفظ بلادنا وبلاد المسلمين

☆ اسلام اور مسلمانوں کی عزت: اللهم أعِزَّ الإسلام والمسلمين،

خالی جگہ کو پر کریں

میں اپنے ..... ہی سے..... ہوں


اس کے..... کسی سے..... مانگتا۔

سوا	رب	مانگتا	نہیں

نیچے دیئے گئے قرآن کی آیات مناسب جملہ سے جوڑیں

☆ قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا	نماز قائم رکھنے کی دعا
☆ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ	علم طلب کرنے کی دعا
☆ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً	جہنم سے نجات کی دعا
☆ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ	رحمت طلب کرنے کی دعا

میں اللہ سے دعا مانگتا ہوں اور کہتا ہوں:



رَبِّ ٱشۡرَحۡ لِي صَدۡرِي ۝٢٥ وَيَسِّرۡ لِيٓ أَمۡرِي ۝٢٦

رَبِّ زِدۡنِي عِلۡمًا

رَبِّ ٱغۡفِرۡ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِينَ وَٱلۡمُؤۡمِنَٰتِ



اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ، وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ، وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ، وَجَمِيعِ سَخَطِكَ"

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ


العَفْوَ وَالعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ



رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا"

دعا کے آداب

پکارنے والا جب مجھے پکارتا ہے ، میں اُس کی پکار سنتا اور جواب دیتا ہوں۔




سورۃ البقرہ :186

دعا عبادت ہے اور اللہ کی اطاعت ہے۔ اس کے کچھ آداب ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ دعا کرتے وقت ان آداب کی پاسداری کرے۔

میں جب بھی دعا کرتا ہوں ان آداب کا خیال ضرور کرتا ہوں ۔

دعا کے شروع میں اللہ کی حمد کرنا۔

نبی ﷺ پر درود بھیجنا۔



حضور قلب اور پورے دھیان کے ساتھ دعا مانگنا۔

بار بار مانگنا اور درد اور شدت سے مانگنا۔


دعا مانگتے وقت ہاتھ اٹھانا۔

وہ اوقات جن میں دعا قبول ہوتی ہے

دعا کسی خاص وقت یا مقام تک محدود نہیں ہے، مسلمان کہیں بھی اور کسی بھی وقت دعا کر سکتا ہے ۔ اگرچہ کچھ ایسے اوقات بھی ہے جن میں دعا کو ترجیح دی گئی ۔



ابی ہریرہ رض کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدہ میں ہوتا ہے، لہٰذا کثرت سے دعا کیا کرو ۔ مسلم :482



انس بن مالک رض کہتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا :اذان اور اقامت کے درمیان مانگی گئی دعا رد نہیں ہوتی ۔

ابوداؤد :521



ابی درداء رض کی روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا : کوئی بھی مسلمان جب اپنے بھائی کے لیے اس کی غیر موجودگی میں دعا کرتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے : اور تیرے لئے بھی وہی دعا ہو۔

مسلم: 2732

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

اوپر ذکر کی گئ حدیثوں میں کن اوقات کا ذکر ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے؟

- ☐ نماز میں سجدے کی حالت میں
- ☐ اذان اور اقامت کے درمیان
- ☐ شام کے وقت
- ☐ گھر میں داخل ہوتے وقت
- ☐ مسلمان بھائی کی غیر موجودگی میں دعا
- ☐ سلام کرتے وقت

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

دعا کرتے وقت کن آداب کا خیال رکھنا چاہیے؟

- ☆ دعا کے شروع میں اللہ کی حمد کرنا۔ ☐
- ☆ نبی ﷺ پر درود بھیجنا۔ ☐
- ☆ حضور قلب پورے دھیان کے ساتھ دعا مانگنا۔ ☐
- ☆ بار بار مانگنا اور درد اور شدت سے مانگنا۔ ☐
- ☆ دعا مانگتے وقت ہاتھ اٹھانا۔ ☐
- ☆ دعا کرتے وقت بےدھیانی کرنا۔ ☐
- ☆ دعا کرتے وقت ہنسنا ۔ ☐



اللہ کے نام سے جو رحمان و رحیم ہے (1) تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام کائنات کا رب ہے (2) رحمان اور رحیم ہے (3) روز جزا کا مالک ہے (4) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں (5) ہمیں سیدھا راستہ دکھا (6) اُن لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا، جو معتوب نہیں ہوئے، جو بھٹکے ہوئے نہیں ہیں (7) ع

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سورۃ فاتحہ میں کونسی دعا ہم ہر روز اللہ سے مانگتے ہیں؟

- ☆ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں ۔ ☐
- ☆ ہمیں سیدھا راستہ دکھا ۔ ☐

دعا

عبادت ہے اور

اللہ

کی اطاعت ہے